رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دہلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com
25 YEARS TRUST AND PURITY

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی•ممبئی•کولکاتا•لکھنؤ•گورکھپور•کانپور•پٹنہ•حیدرآباد•اور بنگلورو سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ
سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA GORAKHPUR
1
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi•Mumbai•Kolkata
Lucknow•Gorakhpur•Kanpur
Patna•Hyderabad•Bengaluru
GORAKHPUR Page:12 ₹ 4/- Vol:23 Issue :8882 ایثار• فرض شناسی• حب الوطنی• «یعنی مکمل سچ» پیر 1445ھ 10، ذی الحجہ 8882 شمارہ نمبر: سال:23 Monday 17 June 2024

حجاج کرام سنت ابراہیمی کی ادائیگی سے سرفراز

مکہ مکرمہ (ایجنسیاں)

دنیا بھر کے 10 لاکھ فرزندان توحید سنت ابراہیمی کی ادائیگی سے سرفراز ہوگئے۔ اس طرح حج کے تقریباً تمام اہم ارکان بحسن وخوبی ادا ہوگئے۔ حجاج کرام مزدلفہ میں رات بھر قیام کے بعد آج بعد نماز فجر منیٰ پہنچ گئے، جہاں انہوں نے بڑے شیطان کو 7 کنکریاں ماریں، قربانی کی اور حلق کروانے کے بعد احرام اتار کر معمول کے لباس میں آ گئے۔ بعد ازاں ہزاروں حاجیوں نے حج کا ایک اور اہم رکن طواف زیارت کیا۔ حاجیوں نے مطاف کے علاوہ حرم شریف کی بالائی منزلوں پر بھی طواف زیارت کیا اور صفا و مروہ پہاڑیوں کے درمیان سعی کی۔ حجاج کرام ابھی 2 دن اور منیٰ میں قیام کریں گے اور آج جن حاجیوں نے طواف زیارت نہیں کیا ہے وہ بقیہ 2 دنوں کے دوران طواف زیارت کیلئے حرم شریف جائیں گے۔ حجاج کرام خیموں کے شہر منیٰ میں بقیہ 2 دنوں کے قیام کے دوران روزانہ تینوں شیطانوں کو 7-7 کنکریاں ماریں گے۔ اس کے بعد وہ مکہ مکرمہ میں اپنی رہائش گاہوں پر لوٹ آئیں گے۔ حجاج کرام نے گزشتہ شب مزدلفہ میں گزاری جہاں عبادت کے ساتھ رمی جمرات کے لیے کنکریاں چننے کے بعد حجاج کرام فجر ادا کر کے منیٰ واپس پہنچے۔ مناسک حج اب آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔ حجاج کرام آج 10 ذی الحجہ کو منیٰ میں زوال کے وقت سے پہلے صرف جمرہ عقبیٰ کو کنکریاں ماریں گے۔ رمی کے بعد حجاج کرام قربانی کی تصدیق ہوتے ہی حلق (بال منڈوانا) کر کے اپنا احرام کھول دیں گے۔ اس کے بعد 11 اور 12 ذی الحجہ کو دیگر 2 جمرات یعنی جمرہ اولیٰ اور جمرہ وسطیٰ سمیت تینوں جمروں پر کنکریاں ماری جائیں گی۔ احرام کی پابندیوں سے نکلنے کے بعد حجاج کرام کی بڑی تعداد مسجد الحرام میں طواف زیارت کے لیے پہنچنا شروع ہو چکی ہے۔ اس سلسلے میں حجاج جہاں بسوں کے ذریعہ مکہ مکرمہ پہنچ کر طواف زیارت کر رہے ہیں، وہیں بہت بڑی تعداد منیٰ سے پیدل ہی مسجد الحرام کی جانب گامزن ہے۔ اس سے قبل حجاج نے 9 ذی الحجہ کا دن میدان عرفات میں گزارا جہاں انہوں نے حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ ادا کیا۔ آج پہلے دن کی رمی، قربانی، حلق اور طواف زیارت کے بعد حجاج 11 اور 12 ذی الحجہ کو بھی منیٰ میں قیام کریں گے۔ اس دوران وہ تینوں دن کی رمی کریں گے۔ حج 1445 ہجری بمطابق 2024 کا باقاعدہ آغاز 14 جون کو ہوا جب دنیا بھر سے آئے ہوئے لاکھوں عازمین حج منیٰ کی عارضی خیمہ بستی میں پہنچ گئے جہاں انہوں نے پانچوں وقت کی نمازیں ادا کیں۔ بعد میں 15 جون بمطابق 9 ذوالحجہ کو عرفات کے میدان میں گزارا جہاں سے غروب آفتاب کے ساتھ ہی روانہ ہوگئے اور رات مزدلفہ میں بسر کی۔ حجاج کرام ایام تشریق کے دوسرے اور تیسرے دن بھی منیٰ میں قیام کریں گے جہاں وہ تینوں شیطانوں کو کنکریاں مارنے کے بعد منیٰ میں رہتے ہوئے زیادہ تر وقت عبادت میں گزاریں گے۔ مناسک حج کی ادائیگی کا پہلا مرحلہ 'یوم الترویۂ' ہوتا ہے جب عازمین حج لبیک کی صدائیں بلند کرتے ہوئے منیٰ کی عارضی بستی میں پہنچتے ہیں۔ منیٰ کی بستی ایک دن کے وقفہ کے بعد دوبارہ اس وقت آباد ہوتی ہے جب حجاج وقوف عرفہ کے بعد منیٰ پہنچتے ہیں۔ یہاں 3 دن تک حجاج قیام کرتے ہیں۔ حج انتظامیہ میں شامل تمام ادارے عرفہ کے دن منیٰ کو دوبارہ حجاج کے استقبال کے لیے تیار کر دیتے ہیں۔ اس دوران میونسپلٹی کا سب سے اہم کردار مانا جاتا ہے۔ بلدیہ کے ہزاروں اہلکار وادی منیٰ کو ایک ہی دن میں صاف کر دیتے ہیں جبکہ حج خدمات فراہم کرنے والے ادارے کے اہلکاروں کی جانب سے بھی ضروری اشیا منیٰ پہنچا دی جاتی ہیں۔ حج کے آخری مرحلہ میں انتظامیہ کی جانب سے سب سے زیادہ توجہ جمرات پل پر دی جاتی ہے۔ سکیورٹی فورسز کے اہلکاروں کے علاوہ مختلف تعلیمی اداروں کے اسکاؤٹس بھی جمرات پل اور اس کے اطراف میں جانے والے راستوں پر موجود ہوتے ہیں تاکہ جمرات پر آنے والوں کو ازدہام کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انتظامیہ کی جانب سے جمرات پل پر آمدورفت کے لیے جدا جدا راستے بنائے گئے ہیں تاکہ حجاج کو پیدل چلنے میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ گرمی سے بچاؤ کے لیے سکیورٹی اہلکار راستے میں حجاج پر پانی کی پھوار بھی ڈالتے رہتے ہیں تاکہ گرمی کی شدت سے انہیں محفوظ رکھا جا سکے۔

جموں وکشمیر کی صورتحال پر امت شاہ کی اعلیٰ سطحی میٹنگ

نئی دہلی،(یو این آئی)

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے اتوار کو کہا کہ جموں و کشمیر میں دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے اور دہشت گردی اب بڑے منظم دہشت گردانہ تشدد سے کم ہو کر پراکسی لڑائی میں سمٹ گئی ہے، لیکن حکومت اسے جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔ جموں و کشمیر میں بڑھتی ہوئی دہشت گردانہ سرگرمیوں کے پیش نظر مسٹر شاہ نے اتوار کو یہاں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں مرکز کے زیر انتظام علاقے میں سیکورٹی صورتحال اور آئندہ امرناتھ یاترا کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ وزیر داخلہ نے ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ جموں میں 'ایریا ڈومینیشن پلان' اور 'زیرو ٹیرر پلان' کے ذریعے وادی کشمیر میں حاصل کی گئی کامیابیوں کو دہرائیں۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نئے طریقوں سے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کر کے ایک مثال قائم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر داخلہ نے تمام ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ مشن موڈ میں کام کریں اور مربوط انداز میں فوری ردعمل کو یقینی بنائیں۔ مسٹر شاہ نے کہا، "جموں و کشمیر میں دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے۔ حالیہ واقعات ظاہر کرتے ہیں کہ دہشت گردی بڑے منظم دہشت گردانہ تشدد سے پراکسی لڑائیوں تک محدود ہونے کے لئے مجبور ہوگئی ہے، لیکن ہم اس کو بھی جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیر داخلہ نے حساس علاقوں کی نشاندہی اور ان کے سیکورٹی خدشات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے سیکورٹی ایجنسیوں کے درمیان ہم آہنگی پر زور دیا۔ وزیر داخلہ نے مقامی انٹیلی جنس نیٹ ورکس کو مضبوط بنانے، سرنگوں کا پتہ لگانے اور ڈرون کا مقابلہ کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کو اپنانے پر زور دیا۔ انہوں نے سیکورٹی ایجنسیوں کو مرکزی حکومت کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ دہشت گردی کے خلاف حکومت کی زیرو ٹالرنس پالیسی کو دہراتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ حکومت جموں و کشمیر سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔ شاہ نے کہا کہ مرکزی حکومت کی کوششوں سے وادی کشمیر میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی کے ساتھ ساتھ کے بڑے پیمانے پر مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔ آئندہ امرناتھ یاترا کو ذہن میں رکھتے ہوئے یاتریوں کی حفاظت سے متعلق تیاریوں اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی میٹنگ میں جائزہ لیا گیا۔ قبل ازیں جمعرات کو مسٹر مودی نے مسٹر شاہ اور مسٹر ڈوبھال اور دیگر سینئر عہدیداروں کے ساتھ جموں وکشمیر کی صورتحال کا جائزہ لیا تھا۔

قدرتی حُسن وجمال
نسرینا ہیر ٹانک بالوں کی جڑوں کو غذا پہنچا کر بالوں کو مضبوط کرتا ہے اور لمبا گھنا کرتا ہے۔
- بالوں کو نرم ملائم اور چمکدار بناتا ہے۔
- روسی کو دور کرتا ہے۔
- سر درد کو آرام دیتا ہے۔
21 قیمتی جڑی بوٹیوں سے تیار
نسرینا ہیر ٹانک
NASREENA HAIR TONIC
available at amazon
اسٹاکسٹ اور ایجنسی کے لیے رابطہ کریں
Distributor
ANAS TRADERS
Khalilabad, U.P. Ph.:09984036445
Mfd by: NEW ROYAL PRODUCTS Mob: 7678343147

سعودی عرب سمیت مختلف ممالک میں عیدالاضحیٰ منائی گئی

ریاض،(یو این آئی) سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور دیگر خلیجی ممالک میں آج عید الاضحیٰ منائی گئی۔ یہ تہوار 12 ویں اسلامی مہینے ذی الحج میں منایا جاتا ہے۔ یہ اسلامی کیلنڈر کا آخری مہینہ ہے جس میں فریضہ حج ادا کیا جاتا ہے۔ مغربی ایشیا، اقوام متحدہ، امریکہ، کناڈا اور آسٹریلیا میں بھی عید الاضحیٰ کا تہوار منایا گیا۔ خلیجی ممالک میں یہ تہوار سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، اردن، شام، یمن، کویت، عمان اور عراق میں بھی منایا گیا۔ سعودی گزٹ کے مطابق، سعودی عرب کے مسلمانوں نے اتوار کو 12,000 سے زیادہ مساجد میں عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کی، جن میں مکہ کی عظیم الشان مسجد اور مدینہ میں مسجد نبوی شامل ہے۔ سعودی گزٹ کی رپورٹ کے مطابق اب عازمین حج جمرات العقبہ میں شیطان میں کنکریاں ماریں گے اور بکروں کی قربانی کریں گے، مرد اپنے سر کے بال صاف کرائیں گے اور پھر طواف الافادہ اور سعی کرنے کے لیے مکہ روانہ ہوں گے۔

ای وی ایم پر ایلون مسک کے بیان سے سیاسی گھمسان

ای وی ایم کو ہیک کیا جا سکتا ہے: ایلون مسک ❖ ہندوستان میں ای وی ایم بلیک باکس، کسی کو جانچ کی اجازت نہیں: راہل

- ❑ ٹکنالوجی جب مسائل کی وجہ بن جائے تو اس کا استعمال بند کر دینا چاہئے: اکھلیش
- ❑ ای سی (الیکشن کمیشن) کا نیا مطلب ہے 'مکمل طور پر سمجھوتہ' نہ کہ 'الیکشن کمیشن': آدتیہ ٹھاکرے
- ❑ ہندوستانی ای وی ایم محفوظ ہیں اور کسی بھی نیٹ ورک یا میڈیا سے الگ ہیں: راجیو چندر شیکھر

نئی دہلی، (ایجنسیاں)

الیکٹرانک ووٹنگ مشین (ای وی ایم) پر ایک بار پھر بحث چھڑ گئی ہے۔ دنیا کے امیر ترین بزنس مین ایلون مسک نے 15 جون کو لکھا کہ ای وی ایم کو ختم کر دینا چاہیے۔ اسے انسانوں یا اے آئی کے ذریعہ ہیک کیے جانے کا خطرہ ہے۔ اگرچہ یہ خطرہ کم ہے لیکن پھر بھی بہت زیادہ ہے۔ امریکہ میں اس کے ذریعہ ووٹنگ نہیں ہونی چاہیے۔ اس پر بی جے پی لیڈر اور سابق آئی ٹی وزیر راجیو چندر شیکھر نے کہا کہ مسک کے مطابق کوئی بھی محفوظ ڈیجیٹل ہارڈ ویئر نہیں بنا سکتا، یہ غلط ہے۔ ان کا بیان امریکہ اور دیگر جگہوں پر لاگو ہو سکتا ہے جہاں وہ انٹرنیٹ سے منسلک ووٹنگ مشینیں بنانے کے لیے باقاعدہ کمپیوٹ پلیٹ فارم استعمال کرتے ہیں۔ ہندوستانی ای وی ایم محفوظ ہیں اور کسی بھی نیٹ ورک یا میڈیا سے الگ ہیں۔ کوئی کنکٹیویٹی نہیں، کوئی بلوٹوتھ، وائی فائی، انٹرنیٹ نہیں۔ یعنی کوئی راستہ نہیں ہے۔ فیکٹری پروگرام شدہ کنٹرولر جنہیں دوبارہ پروگرام نہیں کیا جا سکتا۔ ای وی ایم کو بالکل اسی طرح ڈیزائن کیا جا سکتا ہے جیسا کہ ہندوستان نے کیا ہے۔ ہمیں اس کا ٹیوٹوریل دینے میں خوشی ہوگی، ایلن۔ راہل گاندھی نے مسک کی پوسٹ کو دوبارہ پوسٹ کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان میں ای وی ایم بلیک باکس کی طرح ہے۔ کسی کو اس کی تحقیقات کی اجازت نہیں ہے۔ ہمارے انتخابی عمل میں شفافیت پر شدید تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ جب اداروں میں احتساب کا فقدان ہوتا ہے تو جمہوریت ایک دھوکہ بن جاتی ہے اور فراڈ کا امکان بڑھ جاتا ہے۔ راہل گاندھی نے شمال مغربی ممبئی کے واقعہ کا ذکر کیا، یہاں شیوسینا کے رکن پارلیمنٹ 48 ووٹوں سے جیت گئے۔ راہل گاندھی نے مڈڈے اخبار میں شائع خبر کے ساتھ مسک کی پوسٹ کو دوبارہ پوسٹ کیا۔ اس میں ممبئی واقعہ کا ذکر ہے۔ درحقیقت ممبئی نارتھ ویسٹ لوک سبھا سیٹ سے این ڈی اے اور شیوسینا (شندے) کے امیدوار رویندر وائیکر کے بہنوئی منگیش پنڈیلکر 4 جون کو پابندی کے باوجود ایک انتخابی افسر کے موبائل فون لے کر گورےگاؤں کے گنتی مرکز کے اندر گئے تھے۔ راہل کے بعد سماجوادی پارٹی (ایس پی) کے رکن پارلیمنٹ اکھلیش یادو نے کہا کہ ٹکنالوجی مسائل کو حل کرنے کے لیے ہوتی ہے، اگر وہی مسائل کی وجہ بن جائے تو اس کا استعمال بند کر دینا چاہیے۔ آدتیہ ٹھاکرے نے لکھا کہ ای سی (الیکشن کمیشن) کا نیا مطلب ہے 'مکمل طور پر سمجھوتہ' نہ کہ 'الیکشن کمیشن'۔

ذبیحہ پر 2 گروپوں میں ٹکراؤ

میدک،(یو این آئی)

تلنگانہ میں مویشیوں کے ذبیحہ پر دو گروپوں کے درمیان تصادم کے بعد اتوار کو میدک شہر بند رہا۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ تمام کاروباری اور تجارتی احاطے رضاکارانہ طور پر بند کر دیے گئے اور تشدد کو روکنے کے لیے پولیس کو تعینات کیا گیا تھا۔ حکام صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہفتہ کی دوپہر بکرا عید کے موقع پر شہر میدک میں جانوروں کے ذبیحہ کے خلاف ایک گروپ نے احتجاج کیا۔ پولیس کو بنگلہ تالاب کے نزدیک گایوں کے بارے میں شکایت موصول ہوئی تھی جنہیں مبینہ طور پر ذبح کرنے کے لیے لایا گیا تھا۔ نرسکھیڑ میں جب سرکل انسپکٹر (سی آئی) گایوں کے بارے میں معلومات دے رہے تھے، ایک برادری کے ایک شخص نے دوسری برادری کے ایک نوجوان پر چاقو سے حملہ کر دیا، جس سے وہ شدید طور پر زخمی ہوگیا۔ دونوں گروپوں کے درمیان پتھراؤ کی وجہ سے قصبے میں کشیدگی کا ماحول بن گیا۔ مشتعل افراد نے نجی اسپتال کی گاڑی کو بھی نقصان پہنچایا۔ پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے لاٹھی چارج کیا۔

ہریانہ کے 9.5 لاکھ بجلی صارفین کو ریاستی حکومت نے دیا تحفہ

بجلی بلوں پر ماہانہ کرایہ نہیں لیا جائے گا، اعلان کے 4 ماہ بعد اسے نافذ کر دیا گیا: نائب سنگھ سینی

چنڈی گڑھ(ایجنسیاں)

وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے ہریانہ کے بجلی صارفین کو بڑا تحفہ دیا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اب ریاست کے صارفین سے بجلی کے بلوں پر ماہانہ کرایہ نہیں لیا جائے گا۔ یونٹ کے حساب سے آنے والا بل ہی ادا کرنا ہوگا۔ اس سلسلے میں یہ فیصلہ منوہر حکومت کی مدت کے تقریباً چار ماہ بعد لیا گیا ہے۔ اب سینی سرکار میں اسے نافذ کر دیا گیا ہے۔ اپنے دور میں اس وقت کے وزیر اعلیٰ منوہر لال نے کہا تھا کہ دیہی اور شہری علاقوں میں 2 کلو واٹ تک کے گھریلو کنکشن کے لیے ٹیرف کیٹیگری 1 میں آنے والے بجلی صارفین پر کوئی ماہانہ فیس نہیں ہوگی، یہ فیس 115 روپے تھی۔ الیکشن کے موسم میں اس اعلان پر عمل نہیں ہو سکا۔ اب ہریانہ کے نئے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے اس فیصلے کو نافذ کر دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے اس اعلان کے بعد بجلی صارفین کو صرف یونٹ کی بنیاد پر بل ادا کرنا ہوں گے۔ اس اسکیم سے ریاست کے تقریباً ساڑھے 9 لاکھ لوگ مستفید ہوں گے۔ اس سے صارفین کے تقریباً 180 کروڑ روپے بچیں گے۔ بجلی کے صارفین کو صرف استعمال شدہ پاور یونٹ کی ادائیگی کرنی ہوگی۔ سابق وزیر اعلیٰ منوہر لال نے 23 فروری کو غریب ترین لوگوں کو راحت فراہم کرنے کے لیے 2024-25 کے لیے اپنی بجٹ تجاویز کا اعلان کرتے ہوئے اس اسکیم کا اعلان کیا تھا۔ منوہر لال کھٹر نے ہریانہ اسمبلی میں کہا تھا کہ وہ 2 کلوواٹ تک گھریلو منسلک لوڈ والے ٹیرف زمرہ 1 کے صارفین کے لیے ایم ایم سی کو ختم کرنے کی تجویز رکھتے ہیں۔ اس تجویز کو ہریانہ کی بی جے پی اور اس کے حمایتی ایم ایل ایز نے صوتی ووٹ سے منظور کیا۔ انہوں نے بتایا تھا کہ حکومت کے اس فیصلے سے ریاست کے غریب ترین خاندانوں کو تقریباً 180 کروڑ روپے کی راحت ملے گی۔ ایم ایم سی کو ختم کرنے کے فیصلے سے ریاست کے تقریباً 9.5 لاکھ غریب خاندانوں کو فائدہ پہنچے گا۔

ایمس کا طالب علم 4 لاکھ روپے میں بنا ڈمی امیدوار

نیٹ یو جی امتحان میں پکڑے جانے کے بعد فرار، بہار پولیس کو ہے تلاش

جے پور (ایس این بی) جودھپور ایمس کا ایم بی بی ایس کا طالب علم حکمارام امتحان میں ڈمی امیدوار بن گیا۔ اس کے لیے اس نے بہار کے مظفر پور کے رہنے والے راج پانڈے سے 4 لاکھ روپے لیے تھے۔ حکمارام امتحان کے دوران بائیومیٹرک چیک میں پکڑا گیا۔ تب سے حکمارام فرار ہے۔ وہ کالج سے بھی غائب ہے۔ اس سلسلے میں بہار پولیس نے اپنی سطح پر حکما کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے اور اس کی تلاش کر رہی ہے۔ معلومات کے مطابق مظفر پور کے مالیگھاٹ میں واقع ڈی اے وی سینٹر میں این ای ای ٹی امتحان کا انعقاد کیا گیا تھا۔ اس امتحان میں راج پانڈے نامی امیدوار کی جگہ حکما ڈمی کے طور پر بیٹھا تھا۔ جب امتحانی مرکز میں بائیومیٹرک چیک کیا گیا تو حکما پکڑا گیا اور اس نے راج پانڈے کی جگہ امتحان میں شرکت کرنے کا اعتراف کیا۔ اس مرکز نے حکما کے خلاف کوئی مقدمہ درج نہیں کیا۔ جس کی وجہ سے وہ فرار ہوگیا۔ جب بہار پولیس کو اس معاملے کا علم ہوا تو انہوں نے حکما کے خلاف اپنی سطح پر ایف آئی آر درج کرائی۔ بتایا جا رہا ہے کہ جب حکما کو امتحانی مرکز میں گرفتار کرنے گیا تو اس نے تحریری طور پر اپنے جرم کا اعتراف کر لیا تھا۔ اس نے مرکز کو لکھا تھا کہ اس کی ملاقات کوٹا میں راج پانڈے نامی لڑکے سے ہوئی ہے۔ راج پانڈے نے حکمارام کو ان کی جگہ نیٹ کے امتحان میں بیٹھنے کے لیے 4 لاکھ روپے دینے کا سودا کیا تھا۔ اس کے بعد راج پانڈے نے امتحانی فارم پر حکما کی تصویر چسپاں کر دی تھی۔ حکمارام کے پکڑے جانے کے بعد مرکز میں اس کے خلاف کارروائی کرنے کے بجائے، اسے مرکز کے باہر انتظار کرنے کو کہا گیا جہاں سے وہ فرار ہوگیا۔ یہاں اطلاع کے بعد جب بہار پولیس مرکز پہنچی تو مرکز میں پولیس کو کوئی تحریری شکایت نہیں دی گئی۔ ایسے میں امتحانی مرکز پولیس کے شک کے دائرے میں آ گیا ہے۔

اعلان تعطیل

قارئین، مشتہرین اور ایجنٹ حضرات متوجہ ہوں! عیدالاضحیٰ کے موقع پر 17 جون کو تعطیل کے باعث روزنامہ راشٹریہ سہارا کا اگلا شمارہ 19 جون 2024 کو شائع ہوگا۔ (منیجر)

ریکس
کی جانب سے
Eid ul Adha Mubarak
عید الاضحیٰ مبارک
Safar Jaari Hai Khidmat Ke Liye.....
REX REMEDIES LIMITED
www.rexremedies.com | info@rexremedies.com | 18008436111